سوال

(142)مروجہ شبینہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل رواج ہے رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں ایک حافظ یا متعدد حفاظ قرآن مجید یکے بعد دیگر عشاء سے سحری تک ایک ہی رات میں پورسناتے ہیں، چونکہ سحری تک قرآن مجید ختم کرنا ہوتا ہے، اس لیے وہ قدر تیز پڑھتے ہیں کہ عام حالات میں لفظ سمجھ میں نہیں آتے۔ بعض مساجد میں اس کا خاص اہتمام ہوتا ہے، لوگ اس کو شبینہ کہتے ہیں۔ شریعت میں اس کا کیا حکم ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

شبینہ مروجہ منع ہے۔ حدیث میں ہے جو شخص تین دن سے کم میں قرآن مجید پڑھے۔ اس نے قرآن مجیو کو نہیں سمجھا۔ قیام اللیل مروزی وغیرہ میں عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے، کہ ان کے شاگرد نے رات کی نماز میں قرآن مجید کچھ زیادہ پڑھنے کا ذکر کیا۔ تو عبد اللہ بن مسعود نے ڈانٹا۔ اور فرمایا: ((ھذا کھذا الشعر)) ''یعنی اشعار کی طرح جلدی جلدی پڑھتا ہے'' اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں۔ ((لا اعلم النبی ﷺ قرأ القرآن فی لیلة ولا قام لیلة حتی اصبح)) ''یعنی مجھے علم نہیں کہ نبی ﷺ نے کبھی ایک رات میں مکمل قرآن مجید پڑھا ہو یا ساری رت تک طلوع فجر تک قیام فرمایا ہو۔'' جب ایک رات میں قرآن مجید کا ختم کرنا منع ہو تو اس کا اہتمام کرنا تو اس سے بھی برا ہوا۔ پس مسنون طریقہ اختیار کرنا چاہیے۔ اور بدعی طریقوں سے پرہیز رکھنا چاہیے۔ کیونکہ مقصد اللہ تعالیٰ کی رضامندی ہے اور بدعی طریقوں میں بجائے رضامندی کے اللہ تعالی کی ناراضگی ہے۔ تکلیف بھی اٹھانا اور خواہ مخواہ گناہ گار بھی ہونا۔ یہ مسلمان کا کام نہیں۔

(فتاویٰ اہل حدیث جلد ۲ صفحہ ۵٦۷ : ۲۹ رمضان ۱۳۸۳ ھ) (عبد اللہ امرتسری روپڑی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 362